# رمضان كےآخري عشره ميں طريقه نبوي

رمضان كےآخري عشره ميں طريقه نبوي

عائشه رضي الله تعالي عنہا بيان كرتي ہيں كه جب آخري عشره شروع ہوجاتا تو رسول كريم صلي الله عليه وسلم راتوں كوبيدار رہتےاور اپنےگھر والوں بھي بيدار كرتےاوركمركس ليتے. صحيح بخاري حديث نمبر ( 2024 ) صحيح مسلم ( 2 / 832 ) .

حديث ميں وارد لفظ ( احيا الليل ) سےمراد ہےكه يعني بيدار رہتےاور اطاعت وفرمانبرداري ميں رات بسر كرتے.

اور يه قول ( وايقظ اهله ) يعني رات ميں نماز كےليے اپنےگھروالوں كوبھي بيدار كرتے.

اور يه قول ( وشد مئزره ) يعني عورتوں سےعليحده ہوجاتےتاكه عبادت كے ليےفارغ ہوجائيں الله تعالي ان پر اپني رحمتيں نازل فرمائے. ديكھيں: فتح الباري لابن حجر ( 4 / 316 ) .

اورعائشه رضي الله تعالي عنہا ہي بيان كرتي ہيں كه رسول كريم صلي الله عليه وسلم آخري عشره ميں اتني كوشش اور جهد كيا كرتےتھےجوكسي اور دنوں ميں نه كرتے. صحيح مسلم ( 2 / 832 ) .

اور زينب بنت ام سلمه رضي الله تعالي عنہا بيان كرتي ہيں كه جب رمضان كےدس دن باقي ره جاتےتو نبي كريم صلي الله عليه وسلم اپنےگھر والوں ميں جوبھي **قيام كرنےكي طاقت ركھتا اسےقيام كرواتےاوركسي كوبھي نہيں چھوڑتےتھے**. اسےترمذي نے روايت كيا ہے.

علي بن ابي طالب رضي الله تعالي عنه بيان كرتےہيں كه نبي كريم صلي الله عليه وسلم رمضان كےآخري عشره ميں اپنےاہل وعيال كوجگايا كرتے تھے. جامع ترمذي حديث نمبر ( 795 ) امام ترمذي رحمه الله تعالي نےاسے حسن صحيح قرار ديا ہے.